پیرس میں تقریبِ فیض فہمی

پیرس (اے کے راؤ) کینیڈا سے ڈاکٹر تقی عابدی، گلاسکو سے راحت زاھد کی شمولیت بزم سمن کے تحت منعقد ہونے والی تقریب کا اہتمام محترمہ سمن شاہ اور محترمہ ناصرہ فاروقی نے کیا۔ پروگرام کے آغاز میں شریف اکیڈمی کی روائت کے مطابق شمع روشن کی گئ اور دنیا بھر

میں علم وادب کی روشنی پھیلانے کا عزم کیا گیا۔ سمن شاہ نے ڈاکٹر تقی عابدی کو شریف اکیڈمی ایوارڈ برائے فیض احمد فیض کا سرٹیفیکیٹ پیش کیا اور شفیق مراد کے پیغام کے مطابق محترمہ ناصرہ فاروقی کو فرانس کے لئے شریف اکیڈمی کا دائریکٹر نامزد کرنے کا اعلان کیا۔

فیض احمد فیض کے فکروفن پر فیض فھمی کے عنوان سے ڈاکٹر سید تقی عابدی نے توسیعی لکچر دیا۔ جسے سامعین نے انتھائی انھماک سے سنا۔ بعد ازاں سوال وجواب کا سلسلہ ہوا اور فیض کے فکروفن سے آگاہی حاصل کی۔ مشاعرے میں فرانس کے شعراء کے علاوہ یورپ کے دیگر ممالک بھی شعراء نے شرکت کر کے محفل کو رونق بخشی۔